Volume II
No. 18

S.P.-II-18-75(E)
400

THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Monday, March 31, 1975

CONTENTS

	Pages
Obituary Reference Re : Assassination of King Faisal of Saudi Arabia—(*Resolution adopted*)	1

PRINTED AT IBRAHIM SONS PRINTERS, I/S YAKKI GATE, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI
Price : Paisa 50

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Monday, March 31, 1975

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

OBITUARY REFERENCE RE : ASSASSINATION OF KING FAISAL OF SAUDI ARABIA

Malik Mohammad Akhtar (Minister of State for Parliamentary Affairs) : Mr. Chairman, with your kind permission I would be moving a resolution of condolence on the sad death of King Faisal of Saudi Arabia. I will be passing on this resolution which is slightly improved, in place of the one which I actually gave you. If you allow, I may read it out, and then I can pass it on to you.

Mr. Chairman : Yes.

Malik Mohammad Akhtar : "This House places on record its sense of deep sorrow and grief on the assassination of His Majesty Faisal bin Abdul Aziz, King of Saudi Arabia, who was a great Muslim statesman and guardian of Islam's two holiest places, Madina and Mecca. This slain leader had transformed the face of his country by radical reforms. He was in the forefront of the struggle against the forces of Zionism and aggression, and always fought for the cause of Islam, Arab solidarity and particularly for the return of city of Jerusalem from Israel. He took keen interest in the well-being and progress of Pakistan and supported Pakistan on all occasions. His sudden death has removed from scene at such a crucial time, a great statesman and a great supporter of Pakistan. This House firmly believes that the glorious traditions established and consolidated by King Faisal of serving the cause of Islam and promoting the fraternal solidarity of Muslims all over the world, would be maintained and strengthened by King Khalid bin Abdul Aziz, and people of Saudi Arabia would continue to play a pivotal role in this regard.

This House conveys to His Majesty Khalid bin Abdul Aziz, the King of Saudi Arabia, to His Highness Crown Prince Fahad and to the members of the bereaved family and the people of Saudi Arabia, its profound grief and heartfelt condolences."

Mr. Chairman : Have you got a typed copy ?

Mr. Aziz Ahmed (Minister of State for Defence and Foreign Affairs) : Sir, with your permission, I would like to state that what the Minister has read out is not quite the same what is stated here because I made some changes and you cannot read my handwriting. It is my fault. If you want me to read the actual context again, I can do so.

Mr. Chairman : You should send a typed copy of this resolution to this Secretariat and then start with your speech. I think, there is only difference of wording and not of material.

Mr. Aziz Ahmed : Sir, there is a factual difference with regard to the Arab cause. That is the main point where the Foreign Office was really concerned as to what exactly he had done for the Arabs in respect of the land usurped by Israel and the Arabs' right to the control of Jerusalem. That is the major change here.

Mr. Chairman : Now, if I read out the resolution which was moved, you have got no typed copy. I am naturally handicapped in reproducing what you have stated. So, that is a mere formality which you should have done.

Khawaja Mohammad Safdar : It will hardly take five or ten minutes to prepare a copy and, of course, this resolution should be put to the House from the Chair, Sir. This is the formality, of course, which should be observed. I will request the honourable Minister of State to prepare a copy in a few minutes.

(Interruption)

Mr. Chairman : It is for you, Malik Akhtar. There is no haste. In the meantime, you will prepare your resolution because it will have to go to the press. I must read it out exactly in the same form as you put it. So, Mr. Aziz Ahmed, we adjourn for about 15 or 20 minutes, and in the meantime you will correct the resolution and then get it typed. You will read it out and give me one copy.

So, the House stands adjourned to meet again today at 11.00 a. m.

(The House then adjourned to meet again at 11.00 a. m. the same day)

(The House reassembled after a short break).

Mr. Chairman : Yes, Malik Akhtar.

Malik Mohammad Akhtar : Sir, with the kind help of Mr. Aziz Ahmed, Minister of State for Foreign Affairs, we have modified the resolution, and now it is as under :—

"This House places on record its sense of deep sorrow and grief on the assassination of His Majesty Faisal bin Abdul Aziz,

King of Saudi Arabia, who was a great Muslim statesman and the guardian of Islam's two holiest places, Madina and Mecca. The slain leader had transformed the face of his country by radical reforms. He was in the forefront of the struggle against the forces of injustice and aggression and always fought for the cause of Islam, Muslim unity, Arab solidarity and in particular for restoration of their land usurped by Israel and of the historic right of Arabs to the holy city of Jerusalem. He also took a very keen interest in the well-being and progress of Pakistan. His sudden death at this critical juncture when his wise counsel and guidance was sorely needed, is an irreparable loss to Arabs in particular and Muslims of the world in general. We share the grief of our Arab brethren in mourning the death of a great, illustrious King and an outstanding world leaders.

"This House firmly believes that the glorious traditions established and consolidated by King Faisal of serving the cause of Islam and promoting fraternal solidarity of Muslims all over the world, will be maintained and strengthened by King Khalid bin Abdul Aziz and that the people of Saudi Arabia, under his able guidance, will continue to play a pivotal role in this regard.

This House conveys to His Majesty Khalid bin Abdul Aziz, the King of Saudi Arabia, to His Highness Crown Prince Fahad and to the members of the bereaved family and the people of Saudi Arabia, its profound grief and heartfelt condolences."

Mr. Chairman : The resolution moved is :

"This House places on record its sense of deep sorrow and grief on the assassination of His Majesty Faisal bin Abdul Aziz, King of Saudi Arabia, who was a great Muslim statesman and the guardian of Islam's two holiest places, Madina and Mecca. The slain leader had transformed the face of his country by radical reforms. He was in the forefront of the struggle against the forces of injustice and aggression and always fought for the cause of Islam, Muslim unity, Arab solidarity and in particular for restoration of their land usurped by Israel and of the historic right of Arabs to the holy city of Jerusalem. He also took a very keen interest in the well-being and progress of Pakistan. His sudden death at this critical juncture when his wise counsel and guidance was sorely needed, is an irreparable loss to Arabs in particular and Muslims of the world in general. We share the grief of our Arab brethren in mourning the death of a great, illustrious King and an outstanding world leaders. This House firmly believes that the glorious traditions established and consolidated by King Faisal of serving the cause of Islam and promoting fraternal solidarity of Muslims all over the world, will be maintained and strengthened by King Khalid bin Abdul Aziz and that the people of Saudi Arabia, under his able guidance, will continue to play a pivotal role in this regard.

[Mr. Chairman]

This House conveys to His Majesty Khalid bin Abdul Aziz, the King of Saudi Arabia, to His Highness Crown Prince Fahad and to the members of the bereaved family and the people of Saudi Arabia, its profound grief and heartfelt condolences."

راؤ عبدالستار (قائد ایوان) : جناب چیئرمین ! آج ہم انتہائی غم اور دکھ کے ساتھ شاہ فیصل کی المناک موت پر رنج و غم کا اظہار کر رہے ہیں - جناب چیئرمین ! شاہ فیصل ایک بہت ہی بزرگ سیاستدان تھے - وہ اسلامی اتحاد کا ایک ستون تھے ، وہ ایک انجمن تھے ، وہ ایک تحریک تھے - انہوں نے اسلامی عظمت اور اس کی بہتری کے لئے ان تھک کوشش کی - ہم پاکستانیوں کو ان کی تھوڑی سی جھلک دیکھنے کا اس وقت اتفاق ہوا جب وہ پاکستان تشریف لائے - ان میں اسلام کا درد کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا - اس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ جب اسلامی کانفرنس لاہور میں منعقد ہوئی اور جس کا شرف ہم پاکستانیوں کو حاصل ہوا تو کانفرنس کے دوران جمعہ کی نماز کے بعد جب وہ اللہ تعالیٰ کے رو برو گڑ گڑا رہے تھے تو ان کی آنکھوں سے اشک رواں تھے - جناب والا ! عزت مآب شاہ فیصل نے مسلمانوں کو اور خاص کر عربوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا - انہوں نے یہ تہیہ کیا ہوا تھا کہ اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جس وقت تک سر زمین پاک فلسطین اور بیت المقدس یہودیوں سے آزاد نہ کرا لیں - اس سلسلے میں جہاں کہیں یا دنیا کے جس حصے میں اسلام پر آفت نازل ہوئی اور جہاں بھی مظلوم مسلمانوں پر ظلم ہوا تو انہوں نے ہمیشہ ان کی اقتصادی ، سیاسی اور اخلاقی مدد کی اور ہم نے دیکھا کہ ان کی ان تھک کوششوں کی وجہ سے سارے مسلمانوں کا آپس میں جو نفاق تھا وہ ختم ہو گیا تو جناب والا ! اس وقت جب کہ وہ ہم میں موجود نہیں ہیں ان کی ہمیں سخت ضرورت ہے - ان کی المناک وفات سے ایک ایسا خلاء پیدا ہو گیا ہے جو کہ کافی عرصہ تک شائد پورا نہ ہو سکے - لیکن ظالم موت نے انہیں اتنی مہلت نہ دی انہوں نے اسلام کی عظمت اور شان و شوکت کے لئے جو بیڑا اٹھایا تھا اور اس کے لئے جس طرح کوشاں تھے ، اس کو منزل تک پہنچا سکتے اور یہ ضروری کام پایہ تکمیل کو پہنچ سکتا - ہمیں ان کے جانشینوں سے دلی ہمدردی ہے اور ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں توفیق دے کہ وہ عزت مآب شاہ فیصل کے نقش قدم پر چلیں -

جناب چیئرمین ! شاہ فیصل مرحوم کو ایک سچے مسلمان ہونے کی وجہ سے پاکستان سے قدرتی طور پر ایک بڑا لگاؤ تھا - انہیں پاکستان کے ساتھ بڑی

محبت تھی انہیں پاکستان کے عوام کے ساتھ بڑی محبت تھی ۔ اس دور میں ایک بادشاہ ہوتے ہوئے انہیں عوام کا بہت خیال تھا ۔ انہوں نے اپنے ملک میں بہت سی اصلاحات کیں ۔ انہوں نے اپنے عوام کا معیار زندگی بلند کیا ۔ ان الفاظ کے ساتھ ہم اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرتے ہیں کہ وہ انہیں جوار رحمت میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔ (آمین) ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

Mr. Chairman : Yes, Mr. Aziz Ahmed. I think, you have to speak now. I was told that you would like to speak. I think, you are going to attend some meeting. You will be late, but anyhow you start.

Mr. Aziz Ahmed : Thank you, Sir. In the death of King Faisal the World has lost an outstanding statesman ; the World of Islam, a great Muslim Leader ; and Pakistan, a devoted and loyal friend. Sir, in describing the extent of the loss to the Muslim World and to Pakistan, I can do no better than to repeat what the Prime Minister said in the National Assembly, and with your permission and with the permission of the House, I would like to read what he said on the 27th of March, 1975 :—

> "Mr. Speaker, Sir, my colleagues and I have just returned from Saudi Arabia, just after paying our last homage to His late Majesty Malik-el-Muazzam Faisal bin Abdul Aziz. Heads of Governments and distinguished representatives from the Muslim world and even beyond had hastened to arrive in the capital city of Riyadh to participate in person in the Namaz-i-Janaza before the mortal remains of this great Arab and Islamic leader and world figure were committed to dust. It was the will of Allah that he should be felled by bullets. We must bow our heads to the inscrutable will. The foul assassination of King Faisal is an irreparable loss to the Islamic world. His death has created a void which would not be easy to fill. In these difficult times when our Arab brothers are locked in the battle of destiny in taking decisions which will be fateful in the history, the strength and wise counsel of King Faisal will be sorely missed. In my condolence message to His Majesty King Khalid bin Abdul Aziz, two days ago, I tried to convey the sense of anguish and bereavement being felt throughout the length and breadth of Pakistan at the news of his sudden and tragic death.
>
> Just before leaving Pakistan to attend his funeral, I directed the observance of ten days' period of mourning in the country in tribute to his glorious memory. I have no doubt that the people of Pakistan will observe it with due solemnity and reverence. I cannot find words to pronounce anthology which may do justice to King Faisal's life and work in the cause of the Arabs and Islam. His personal life was unblemished and above reproach. Neither wealth nor power could corrupt his character ; neither threat nor pressure could

[Mr. Aziz Ahmed]

make him swerve from the high principles which he espoused. No power on earth could force him to compromise the sacred interest of the Arabs and Islam. It is not for me to pronounce on Faisal's contribution to the Arabs' cause and his services to the Islamic world. History, I have no doubt, will accord him a high place in its roll of honour. Whether it was Palestinians' rights or the liberation of the Holy City of Jerusalem, the King devoted all resources of his power and wisdom to these transcendent goals. It was his last and dearest wish to return to Jerusalem to pray in the sacred Al-Aqsa Mosque. It is no secret to my countrymen that Pakistan had a special place in the King's heart. Whether it was in the war of 1965 or that of 1971, he gave us his full and steadfast support as victims of aggression.

In the dismemberment of Pakistan he felt a wound which remained unhealed till his dying day, and so this peerless son and servant of Islam is no more. He has died as a martyr as he lived as a Mujahid. We can best honour his memory by striving for the realisation of the great ends for which he lived and died and which remain imperilled by inimical forces, of passionate and perverse intensity. At the same time, King Faisal's abiding solicitude and concern for the land and people of Pakistan call for a tangible expression of love and respect for his memory. Who amongst us can forget his decisive support to the holding of the Second Islamic Summit in Pakistan a year ago and the teerful face wrapped in soulful prayer for the well-being of the Muslims and Islam in the historic Badshahi Mosque ?

I know that this august House would be acting in conformity with the sentiments of the people of Pakistan if it were to name as Faisal Square the Plaza where the Summit Minar is being raised in the great city of Lahore in imperishable commemoration of King Faisal's life and work.

Mr. Speaker, Sir, with your permission may I ask the House to offer Fateha for the departed soul ?''

So, Mr. Chairman, Sir, this is the Prime Minister's moving message. I propose for the consideration of the House that while passing the resolution, it may think fit to say that a copy of this message may also be forwarded to the relatives of the deceased leader alongwith the resolution passed by this House. Thank you.

Mr. Chairman : Mufti Nomani Sahib, yes.

مفتی ظفر علی نعمانی : جناب چیئرمین ! شاہ فیصل کے اس دنیا سے اٹھ جانے سے سعودی عرب اور عرب ممالک ہی کو غم اور عظیم نقصان نہیں ہوا بلکہ یہ عظیم نقصان پوری دنیائے اسلام کا بھی ہوا ہے ۔ وہ ایک مسلمان تھے ، مسلمان کی حیثیت سے وہ زندہ رہے اور مسلمان ہی کی حیثیت میں وہ ہم سے محبت کرتے تھے ۔ پاکستان کے ٹکڑے ہونے کا غم جتنا ان کو ہوا تھا اتنا اور کسی

کو نہیں ہوا تھا یہی وجہ تھی کہ انہوں نے آج تک بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کیا تھا ۔ یہ ان کا اسلامی جذبہ تھا ۔

اس کے علاوہ جس قدر انہوں نے اپنے ملک میں فلاحی ، رفاعی اور مذہبی اقدامات کئے ہیں اور دوسرے ملکوں کو رفاعی ، فلاحی اور مذہبی اقدامات کے لئے مدد دی ہے اور دینے کے لئے تیار تھے ان کی مثال نہیں ملتی وہ ایک عظیم مسلمان تھے اور مسلمانوں کے لئے وہ اپنے دل میں درد رکھتے تھے ۔ ان کی سب سے بڑی یہ تمنا تھی کہ ساری دنیا کے مسلمان ایک لڑی میں منسلک ہو جائیں اور سارے مسلمان ایک وحدت میں آ جائیں اور اس طرح وہ ایک اسلامی بلاک بنا سکیں اور اس طرح ایک تیسری بڑی طاقت بن کر مسلمان اس دنیا میں ابھریں ۔ اگر شاہ فیصل کچھ روز اور اس دنیا میں رہتے تو ان کی یہ کوششیں کارگر ہوتیں ۔ وہ اپنی ذاتی حیثیت سے بھی اس قدر با وقار اور با عظمت تھے کہ اس حیثیت سے نہیں کہ وہ ایک ملک کے بادشاہ تھے یا حرمین شریفین کے خادم تھے ، بلکہ اس حیثیت سے کہ ان کا ذاتی علم ، عظمت اور وقار اتنا بلند تھا کہ ہر شخص ان کی عزت کرتا تھا اور اسی وجہ سے ہر شخص کے دل میں ان کا احترام و عزت بڑھتی جا رہی تھی ۔ وہ مسلمانوں کو ایک نظر سے دیکھتے تھے ۔ اس لئے ان کا وقار اتنا بڑھتا جا رہا تھا کہ اگر وہ زندہ رہتے تو وہ عالم اسلام کے ایک سربراہ کی حیثیت سے ابھرتے اور ہم سب ایک ہی اسلام کی لڑی میں آ کر ایک وحدت اور ایک قوم بن جاتے اور دنیا دیکھتی کی دیکھتی رہ جاتی اور مسلمان شاید اپنی عظمت رفتہ اور اپنے ختم شدہ وقار کو دوبارہ حاصل کر لیتے ۔ ہم سب آج نئے حکمران سعودی عرب سے یہ دلی تمنا رکھتے ہیں کہ ان کے جذبات بھی وہی ہوں جو کہ شاہ مرحوم کے تھے ۔ اگر وہ ان کے نقش قدم پر چلے اور اپنے دل میں وہی جذبات پیدا کئے تو عرب ممالک کے اندر تیل کی ایک ایسی طاقت ہے جس سے کام لے کر عرب ممالک دنیا کے دوسرے ممالک کو اپنے موقف کی طرف جھکا سکتے ہیں اور یقیناً جھکائیں گے اور آج نہیں تو کل فلسطین اور بیت المقدس جسے مسجد الصخرا کہا جاتا ہے ، انشاءاللہ وہ یہودیوں کے نا پاک قدموں سے پاک کرا لیں گے اور یہودیوں کے ظلم و استبداد سے اس علاقے کو آزاد کرا لیں گے اور ہم سب جس قدر محبت اور ہمدردیاں شاہ فیصل کے لئے رکھتے تھے اسی قدر ان کے لئے بھی رکھیں گے ۔ ایک شخص جو مسلمان ہوتا ہے اسے دوسرے مسلمانوں سے لگاؤ ہوتا ہے اور مسلمان ہونے کے باعث ایک شخص یقیناً دوسرے شخص کے لئے محبت رکھتا ہے ۔ ایک مسلمان

[Mufti Zafar Ali Nomani]

دوسرے مسلمان کے لئے ایسے ہی ہے جیسے دیوار میں ایک اینٹ ہوتی ہے جیسا کہ ایک عمارت میں دراز پڑنے سے چند اینٹوں کے علاوہ دوسری اینٹوں کو بھی نقصان ہوتا ہے اسی طرح دوسری جگہ فرمایا ہے کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لئے ایسا ہی ہے جیسے کہ ایک انگلی یا ہاتھ کو زخم آ جائے تو اس سے سارے جسم کو درد اور تکلیف ہوتی ہے۔ حضور پاک (صلعم) کی حدیث ہے کہ مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ اگر اس رشتے میں سب مسلمان منسلک ہو جائیں تو پھر اگر کسی ایک ملک کو ایک رائی برابر تکلیف ہو تو اس تکلیف کو دوسرے ملک اپنی تکلیف سمجھیں۔ اسی طرح اگر کوئی ملک اس بلاک کو ختم کرنے کی کوشش کریں اور اس سلسلے میں کسی اسلامی ملک پر حملہ کریں تو اس صورت میں دوسرے مسلمان ممالک کو چاہئے وہ اس ملک کی مصیبت کو اپنی مصیبت سمجھیں۔ جب یہ چیز ہمارے اسلامی ممالک کے اندر پیدا ہو جائے گی اور انشاءاللہ آج نہیں تو کل ضرور پیدا ہو گی تو بڑی طاقتوں کو ہمارے سامنے سرنگوں ہونا پڑے گا اور انہیں ہمارا محتاج ہونا پڑے گا۔

آخر میں ہم دعا کرتے ہیں کہ خداوند کریم اس نئے حکمران، خالد بن عبدالعزیز کو بھی اسی مرتبہ پر پہنچائیں جس مرتبہ پر شاہ فیصل تھے۔

جناب چیئرمین : شکریہ، خواجہ محمد صفدر۔

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! ۲۵ مارچ مسلمانوں کی حالیہ تاریخ میں سیاہ ترین دن تھا۔ اس روز پاسبان حرمین شریفین، جلالتہالملک شاہ فیصل کو شہید کر دیا گیا۔ جب یہ خبر پاکستان ریڈیو نے نشر کی تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے غم و الم کا پہاڑ پاکستانیوں پر ٹوٹ پڑا ہے۔ اسی وقت سب بازار، دوکانیں اور کاروباری ادارے بند ہو گئے۔ ہر شخص یاس و مایوسی کی تصویر نظر آتا تھا۔ اس شام ولادت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جشن منانے کے لئے لوگوں نے اپنے گھروں میں، دوکانوں میں، بازاروں میں روشنیاں سجائی ہوئی تھیں۔ جناب والا ! ان روشنیوں کو کسی نے جلایا نہیں، وہ روشنیاں گل ہی رہیں تو پاکستانیوں کے دلوں میں شاہ فیصل کے لئے اتنی بے پناہ محبت اور اتنا احترام تھا اور یہ محبت کیوں نہ ہوتی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ اسی محبت، اسی اخوت اور اسی شفقت کا پر تو تھا جو کہ شاہ فیصل کے دل میں پاکستان اور اہالیان پاکستان کے لئے موجزن تھی۔ اس روز نہ صرف

دنیا کے ایک عظیم مدبر بلکہ عالم اسلام کے سب سے بڑے سیاست دان اور مدبر اور پاکستان کے ایک عظیم محسن اور دوست اس دنیا سے اٹھ گئے۔ بین الاقوامی دنیا میں ان کے تدبر اور فراست کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔ پریذیڈنٹ فورڈ نے ان کو خراج "سین پیش کرتے ہوئے یہ کہا کہ :

'He was really a great statesman'

جناب چیئرمین ! وہ ایک ایسی شخصیت تھے کہ ان کا فوٹو ٹائم میگزین کے cover پر اپنے ہم عصر دوسرے بڑے بڑے مدبروں سے سب سے زیادہ بار چھپا اور ان کی شخصیت کے بارے میں مضمون لکھے گئے۔ جتنی بار ان کا فوٹو ٹائم میگزین کے اولیں صفحے پر آیا ہے اتنی بار اور کسی مدبر کا نہیں آیا۔

جناب چیئرمین ! ان کے تدبر اور ان کی فراست کا لوہا اپنوں اور بیگانوں سب نے تسلیم کیا ہے۔ تیل کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرکے انہوں نے مغربی استعماریت کو گھٹنوں کے بل جھکنے پر مجبور کر دیا۔ جناب چیئرمین ! یہ ان کے تدبر اور فراست کی ہی وجہ تھی کہ نہ صرف وہ تمام مغربی حکومتیں جو اسرائیل کی ہمنوا اور اس کی دوست اور مددگار تھیں ، ماسوائے امریکہ کے ، وہ سب کی سب اس سے علیحدہ ہو گئیں بلکہ معاملہ یہاں تک بڑھا کہ بڑے بڑے تجارتی اور صنعتی ادارے جو مغربی یورپ میں واقع ہیں اور یہودیوں کی ملکیت ہیں ، ان کی سعودی عرب حکومت نے بلیک لسٹ بنا لی اور سعودی عرب حکومت نے باقی بڑے بڑے تجارتی اور صنعتی اداروں بلکہ بنکوں کو بھی مجبور کیا کہ وہ یہودی فرموں اور یہودی کاروباری اداروں سے لین دین بند کر دیں ورنہ سعودی عرب کی حکومت ان سے کاروباری لین دین بند کردے گی۔ شاہ فیصل شہید کی قوت کا ایک مظہر یہ تھا کہ انہوں نے اسرائیل کو دنیا میں یکہ و تنہا کردیا۔ یہ ان کے تدبر کا ہی نتیجہ تھا۔

جناب چیئرمین ! مرحوم اتحاد عالم اسلام کے مظہر تھے۔ انہوں نے اپنے بے پناہ مالی وسائل اور اپنے تدبر و فراست سے اور اپنی عقل مندی سے مختلف مسلم ممالک کو جو ایک دوسرے سے لڑتے جھگڑتے رہتے تھے اور مختلف گروہوں میں بٹے ہوئے تھے اور ایک دوسرے سے دست و گریبان رہتے تھے۔ ان کو یک جا کیا اور ایک رشتے میں منسلک کیا اور وہ رشتہ اسلام کا تھا۔ وہ عرب نیشنل ازم میں ایمان نہیں رکھتے تھے بلکہ وہ اسلامیات میں ایمان رکھتے تھے اور اسی بنا پر انہوں نے نہ صرف عرب ممالک کو بعض بیرونی طاقتوں کے شکنجے سے نجات دلائی بلکہ تمام مسلم ممالک جو دنیا کے مختلف

[Khawaja Mohammad Safdar]

حصوں میں بٹے ہوئے ہیں ان کی ہر نازک موقع اور ہر مصیبت کے وقت بھر پور امداد کی ۔ حقیقت یہ ہے کہ ابھی محترم وزیر مملکت نے اس طرف اشارہ فرمایا ہے کہ ہمارے ہاں اسلامی کانفرنس کا انعقاد اور اس کی کامیابی بڑی حد تک شاہ شہید کی ممنون احسان اور مرحون منت تھی ۔

جناب چیئرمین ! اس زمانے میں جب کہ وہ دنیا سے رخصت ہوئے ہیں عرب ممالک اور مسلم ممالک عمومی طور پر موت اور زندگی کی کشمکش میں مبتلا ہیں ۔ مصر اور اسرائیل کے درمیان اسرائیل اور شام کے درمیان گفتگو منقطع ہو چکی ہے ۔ اس کٹھن اور مشکل وقت میں شاہ شہید کی موجودگی نہایت ضروری تھی لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا ۔ وہ ہم سے ، عرب ممالک سے ، سعودی عرب میں بسنے والوں سے ، بچھڑ گئے لیکن ابھی ان کا مشن پورا نہیں ہوا تھا ۔ ان کی خواہش یہ تھی کہ مسجد اقصیٰ کو یہودیوں سے چھڑایا جائے اور ان کی یہ بھی خواہش تھی کہ فلسطینی عربوں کو ان کا ملک واپس دلایا جائے ۔ ان کی یہ بھی خواہش تھی کہ عرب ممالک کے چھنے ہوئے علاقے صحرائے سینا اور جولان وغیرہ اور دوسرے عرب علاقے عرب ممالک کو واپس ملیں ۔ افسوس کہ ان کی ان خواہشات میں سے ایک بھی ابھی تک پوری نہیں ہوئی تھی اگرچہ وہ ان خواہشات کو پورا کرنے کے لئے دن رات انہاک کے ساتھ اپنے تمام رسائل استعمال کر رہے تھے ۔ ابھی پچھلے دنوں انہوں نے اپنی ایک اور خواہش کا اظہار کیا تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ مسجد اقصیٰ میں جا کر نماز ادا کروں اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر وہ کچھ دیر اور زندہ رہتے تو ان کی یہ خواہش ضرور پوری ہوتی ۔

جناب چیئرمین ! ایک طرف عربوں کو ان کی ضرورت تھی اور دوسری طرف عالم اسلام کو ان کی ضرورت تھی ۔ تیسری طرف صیہونیت کا مقابلہ کرنے کے لئے اب عالم اسلام میں اس جیسی شخصیت باقی نہیں رہی ۔ میں اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرتا ہوں کہ وہ اپنے فضل و کرم سے مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور ان پر اپنی رحمتیں اور بخششیں ارزاں فرمائے اور مرحوم کے وارث شاہ خالد کو یہ توفیق عطا فرمائے کہ وہ مرحوم کے قدم بہ قدم چل کر اتحاد عالم اسلام کا مظہر بنیں اور عربوں کو ان کے قانونی اور تاریخی حقوق دلانے میں کامیاب جد و جہد کرنے کے قابل بنائے اور عالم اسلام کے لئے ان کے دل میں

وہی درد پیدا ہو جو کہ شاہ شہید کے دل میں تھا ۔ اللہ تعالیٰ ہم کو بھی یہ توفیق عطا فرمائے کہ ہم ایک نیک اور سچے مسلمان کی حیثیت سے اپنے ملک کی خدمت کریں اور جہاں تک ممکن ہو سکے عالم اسلام کے اتحاد اور اتفاق کے لئے اپنے دوسرے بھائیوں کے شانہ بشانہ جد و جہد کریں ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حافظ و ناصر ہے ۔ شکریہ ۔

Mr. Chiarman : Thank you. Well there was an understanding between the Treasury Benches and the Opposition that only two speakers from each side would participate in this obituary reference. So, I do not think it will be necessary for any other gentleman to add to what has been already said. You will excuse me.

Honourable Gentlemen of the House, I fully associate myself with the sentiments expressed by various speakers from both sides of the House, and would like to join them in paying homage to the departed soul. I also take this opportunity to express my profound grief and sorrow at the untimely, and brutal murder of late King Faisal. He was, as you all, know great, reliable and trusted friend of Pakistan. He had endeared himself to every Pakistani so much so that every one of them regards his death not only national or international loss but his personal loss too. I remember when he last year graced Pakistan with his visit to attend the Islamic Summit Conference in February at Lahore, every Pakistani was so enthusiastic, so anxious to have a glimpse of his face, to see one of the greatest leaders of Muslim countries and at the same time he was, as you know, a spiritual leader of all the Musalmans all over the world.

Well, I can do no better than express my sorrow, grief and anguish at the death of late King Faisal. I join you in expression of your grief. Now, before I put this resolution to the House, first I would like to request Haji Mohammad Zaman Sahib to offer 'Fateha' for the departed soul.

(*Fateha was offered*)

Mr. Chairman : Now, I would like to put the resolution which was moved by Malik Akhtar and was read out by me to the House. It would not be now necessary to read the same thing. I would ask the House to express their opinion on this resolution.

Should this resolution be adopted ?

(*The resolution was adopted*)

Mr. Chairman : This is the unanimous wish of the whole House that the whole of the resolution be adopted.

And is it your wish that a copy of this resolution accompanied by the speech of the Prime Minister, which had been read out just now by Mr. Aziz Ahmed, be sent to the present King of Saudi Arabia and also the sentiments of the House conveying their condolences and grief to the bereaved family and also to the brethren of Saudi Arabia ? Is this your wish ?

(*The House agreed unanimously*)

Mr. Chairman: Thank you. Now, there is nothing more to do today. No legislative business. We will meet tomorrow. So, the House stands adjourned to meet tomorrow again at 10.00 a. m. Thank you very much.

(Then the House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Tuesday, April, 1, 1975)